# 1181 ـ کیا ہر حیض کے بعد زیرناف بال مونڈنا ضروری ہے ؟

**سوال**

کیا عورت کو ہر حیض کے بعد اپنے زیرناف بال مونڈنے ضروری ہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

زیرناف بال اکھیڑنا، یا پاؤڈر اور کریم لگا کر، یا مونڈ کر زائل کرنا فطرتی سنتوں میں شامل ہوتا ہے، اور دین اسلام نے اس کی رغبت دلاتے ہوئے اس پر ابھارا ہے، لیکن اس کی تحدید نہیں کہ یہ ہر حیض کے بعد کیا جائے.

امام احمد، اور امام بخاری، اور امام مسلم اور سنن اربعہ نے روایت کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" پانچ چیزیں فطرت میں داخل ہیں: زیرناف بال مونڈنا، ختنہ کرنا، مونچھیں کاٹنا، بغلوں کے بال اکھیڑنا، اور ناخن تراشنا "

اور انس رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے مونچھیں کاٹنے، اور ناخن تراشنے، اور بغلوں کے بال اکھیڑنے، اور زیرناف بال مونڈنے میں وقت مقرر کیا کہ ہم انہیں چالیس راتوں سے زیادہ نہ چھوڑیں "

صحیح مسلم، سنن ابن ماجہ.

اور مسند احمد، ترمذی، اور نسائی اور ابو داود کی روایت میں ہے:

ہمارے لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وقت مقرر کیا کہ: ..... "

واللہ اعلم .